سوال

(206) تکرار نماز جنازہ شافعی مذہب میں درست ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ تکرار نماز جنازہ شافعی مذہب میں درست ہے اس واسطے کہ دعا ہے میت کے لیے اور تکرار دعا کی ممنوع نہیں اور حنفی مذہب میں بھی درت ہے یا نہیں اور اگر درست نہیں ہے تو اس کی کیا دلیل ہے۔ بینوا توجروا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دلیل حنفیوں کی یہ ہے کہ جب ایک بار نماز جنازہ کی پڑھی گئی پھر دوسری بار نہ چاہیے کیوں کہ فرض ادا ہوگیا اور تنفل اس نماز میں مشروع نہیں مگر ولی کو اعادہ پہنچتا ہے اور صورت کہ غیر ولی وسلطان نے نماز پڑھی ہو۔ لان الحق لہ اور شافعیہ یہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے نماز قبر پر پڑھی بعد اس کے کہ اہل میت نماز پڑھ چکے تھے علمائے حنفیہ اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ حضرت نے نماز اس لیے پڑھی کہ وہ ولی تھے ل قولہ[1] تعالیٰ للنبی اولی بالمؤمنین من انفسھم واللہ اعلم، حررہ سید شریف حسین عفی عنہ (سید محمد نذیر حسین)

---

[1] ایمانداروں کے لیے نبی ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب ہے۔

[فتاویٰ نذیریہ](#)

جلد 01 ص 647

محدث فتویٰ